27 ستمبر 2018

سٹی آف برامپٹن میں تھینکس گِونگ 2018

برامپٹن، آن - تھینکس گِونگ کے موقع پر برامپٹن سٹی ہال بروز پیر، مورخہ 8 اکتوبر کو بند رہے گا۔ شہر کی بہت سی خدمات دستیاب نہیں ہوں گی یا معمول سے کم کی سطح پر کام کریں گی۔ شہری اس وقت کے دوران شادی کے لائسنسوں، غلط پارکنگ پر جرمانے بھرنے اور پرمٹس کے لیے خود تشریف لا کر درخواستیں نہیں دے سکیں گے۔ آن لائن انتخابات کے لیے، برائے مہربانی www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

کئی خدمات معمول کے مطابق کام کرنا جاری رکھیں گی، بشمول: فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور بائی لاء انفورسمنٹ۔ سٹی آف برامپٹن کی سروسز میں ردوبدل اور بندش کے متعلق مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca ملاحظہ کریں

آمدو رفت کی سروسز
تھینکس گِونگ ویکینڈ کے لیے برامپٹن ٹرانزٹ کا شیڈول درج ذیل ہو گا:

- جمعہ، 5 اکتوبر: ویک ڈے کی ریگولر سروس
- ہفتہ، 6 اکتوبر: ہفتے کے دن کی ریگولر سروس
- اتوار، 7 اکتوبر: اتوار/چھٹی کی سروس
- پیر، 8 اکتوبر: اتوار/چھٹی کی سروس

بروز پیر، مورخہ 8 اکتوبر کو ٹرانزٹ اسٹور بند رہیں گے۔

راستوں اور شیڈول کی معلومات کے لیے 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں اور آنے والی اگلی بس کے متعلق براہ راست معلومات کے لیے نیکسٹ رائیڈ استعمال کریں۔ کسی بھی سمارٹ فون یا دیگر موبائل ڈیوائس پر اگلی بس کے متعلق چلتے پھرتے nextride.brampton.ca پر معلومات حاصل کریں

میونسپل الیکشن کے لیے پیشگی ووٹنگ
بروز ہفتہ، 6 اکتوبر کو پیشگی ووٹنگ درج ذیل مقامات پر منعقد کی جائے گی:

- برامپٹن سٹی ہال، 2 ویلنگٹن اسٹریٹ ڈبلیو
  (Brampton City Hall, 2 Wellington St W)
- برامپٹن ساکر سنٹر، 1495 سینڈل وُوڈ پارک وے ای
  (Brampton Soccer Centre, 1495 Sandalwood Pkwy E)
- کیسی کیمبیل کمیونٹی سنٹر 1050 سینڈل ووڈ پارک وے ڈبلیو
  (Cassie Campbell Community Centre, 1050 Sandalwood Pkwy W)
- سنچری گارڈنز ریکریئیشن سنٹر، 340 ووڈن اسٹریٹ ای
  (Century Gardens Recreation Centre, 340 Vodden St E)
- ڈیوڈ سوزوکی سیکنڈری اسکول، 45 ڈیویسیلم ڈرائیو
  (David Suzuki Secondary School, 45 Daviselm Dr)
- ارنزکلف ریکریئیشن سنٹر، 44 ایسٹ بورن ڈرائیو
  (Earnscliffe Recreation Centre, 44 Eastbourne Dr)
- گور میڈوز کمیونٹی سنٹر، 10150 دی گور میڈوز روڈ
  (Gore Meadows Community Centre, 10150 The Gore Rd)
- گرین برائر ری کریئیشن سنٹر، 1100 سنٹرل پارک ڈرائیو
  (Greenbriar Recreation Centre, 1100 Central Park Dr)
- جِم آرچ ڈیکن ریکریئیشن سنٹر، 292 کونیسٹوگا ڈرائیو
  (Jim Archdekin Recreation Centre, 292 Conestoga Dr)

- ساؤتھ فلیچر اسپورٹسپلیکس، 500 رے لاء سن بولیورڈ
(South Fletcher's Sportsplex, 500 Ray Lawson Blvd)

تفریحی سہولیات
تھینکس گوِنگ ویکینڈ کے موقع پر زیادہ تر تفریحی سہولیات کھلی رہیں گی۔ پروگرام کے شیڈول کی تصدیق کے لیے، برائے مہربانی اپنے مقامی تفریحی مرکز میں فون کریں، 311 پر کال کریں یا آن لائن ملاحظہ فرمائیں۔

(مزید)

فائر ورکس کی سیفٹی
تھینکس گوِنگ کے موقع پر سٹی آف برامپٹن کی جانب سے آتش بازی کے کسی قسم کے مظاہروں کا اہتمام نہیں کیا گیا۔ تھینکس گوِنگ سال کے ان چار دنوں میں شامل نہیں ہے جن کے دوران برامپٹن میں تھوڑے فاصلے تک جانے والی ذاتی آتش بازیاں چلانے کی اجازت ہوتی ہے۔ سٹی آف برامپٹن میں آتش بازی کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں یا ملاحظہ فرمائیں www.brampton.ca/bylaws

برامپٹن لائبریری
تھینکس گوِنگ کے موقع پر بروز پیر، مورخہ 8 اکتوبر کو برامپٹن میں لائبریریوں کی تمام شاخیں (سوک سنٹر میں موجود چنگواکوسی، سائرل کلارک، فور کارنرز، گور میڈوز، ماؤنٹ پلیزینٹ ویلج اور ساؤتھ فلیچرز) بند رہیں گی۔ مزید معلومات کے لیے 905.793.4636 یا 311 پر کال کریں یا www.bramptonlibrary.ca ملاحظہ فرمائیں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654